آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینبلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

20/02/2026 Time: 07.40 PM

ہیڈ لائینز

*....... وزیر اعظم نریندر مودی کی اہم شعبوں میں مصنوعی ذہانت ٹیکنالوجی کو مکمل طور سے بروئے کار لانے کی معروف سٹارٹ اپس کے CEOs سے اپیل ۔

*....... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے جذبے کو تقویت بخشنے کی ضرورت پر دیا زور ۔

*....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رواں برس کے دوران 30 ہزار سے زائد اسامیوں کو تیز تر بنیادوں پر پُر کرنے کا دہرایا عزم ۔

*....... جموں میں جاری قانون ساز اسمبلی کے اجلاس کے دوران متعدد ارکان نے عوامی نوعیت کے معاملات کو کیا اجا گر ۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلی میں سیوا تیرتھ میں AI and Deeptech Start ups کے چیف ایگزیکیوٹیو آفیسر کے ساتھ ایک راونڈ ٹیبل منعقد کی اور اس دوران انہوں نے زراعت ، ماحولیات کو تحفظ دینے اور مادری زبان میں اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینے جیسے سیکٹروں میں مصنوعی ذہانت ٹیکنالوجی کو مکمل طور سے بروئے کار لانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا ۔

وزیر اعظم نے خلاءکے شعبے میں نجی شراکتداری بڑھانے نیز بھارت سٹارٹ اپس میں سرمایہ کاری کرنے کی CEOs سے تلقین کی ۔

AI Impact سمٹ 2026 میں شرکت کر رہے CEOs نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے بھی آج نئی دلی میں انڈیا اور مندوبین کے ایک گروپ کے ساتھ ملاقات کی اور مختلف شعبوں میں مصنوعی ذہانت کے رول پر بات چیت کی ۔

سمٹ

AI Impact سمٹ 2026 کے دوران Pax Silica دریں اثناءبھارت اور امریکہ نے نئی دلی میں آج انڈیا اعلامئے پر دستخط کئے ۔ اس اعلامئے کی بدولت اہم معدنیات اور سیمی کنڈکٹرس کی پیداوار بڑھانے نیز Silicon اور ٹیکنالوجی ابھرتے ہوئے مصنوعی ذہانت کے تناظر میں ایک محفوظ اور مضبوط عالمی سطح کا نظام وجود میں لانے میں مدد ملے گی ۔ دستخط کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے الیکٹرانکس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ بھارت کا مقصد سیمی کنڈکٹر اور الیکٹرانکس انڈسٹریز میں عالمی سطح پر ایک قائدانہ رول ادا کرنا ہے ۔ انہوں نے کہا ۔

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے جذبے کو تقویت بخشنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت ثقافتی اور روحانی ورثے سے مالا مال ہے اور ان روایات کی بدولت یکجہتی اور اخوت جیسے اقدار بھی پروان چڑھتے ہیں ۔

لوک بھون جموں میں آج اروناچل پردیش اور میزورم کا سٹیٹ ہُڈ ڈے منانے کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ یہ دو ریاستیں محض جغرافیائی حدود ہی نہیں بلکہ یہ ملک کی عظیم ثقافت اور یکجہتی کی جیتی جاگتی مثال ہیں ۔ انہوں نے اِن دونوں ریاستوں کے عوام کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ۔

عمر

جموں میں قانون ساز اسمبلی کا اجلاس خوش اسلوبی سے جاری ہے ۔ آج بھی متعدد ارکانِ قانون سازیہ نے عوامی نوعیت کے کئی معاملات کو ایوان میں اجا گر کیا اور متعلقہ وزراءسے جواب طلب کئے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایوان میں اعلان کیا کہ رواں برس کے دوران تیس ہزار سے زائد خالی پڑی اسامیوں کو ایک معیاد بند مدت کے اندر پُر کیا جائے گا ۔ وہ پروفیسر Gharu رام کے سوال کا جواب دے رہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے بھرتی عمل میں تیزی لانے کے لئے متعدد اقدامات کئے ہیں۔

دریں اثناءڈاکٹر بشیر احمد شاہ ویری کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ دسمبر 2023 سے جموں کشمیر میں بجلی فیس میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ میٹر والے علاقوں میں بجلی کی اصل کھپت کے مطابق صارفین سے بجلی فیس وصول کی جاتی ہے اور بغیر میٹر والے علاقوں میں لوڈ Agreement کے مطابق فلیٹ ریٹ کے حساب سے بجلی فیس وصول کی جاتی ہے ۔

نظام الدین بٹ کی طرف سے جی اے میر کے بدلے پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کمر کاپرن میں موجود رسیونگ سٹیشن پر کام جاری ہے اور اسے جون 2026 تک کمیشن کیا جائے گا ۔

ڈاکٹر دوِندر کمار مانیال کے سوال کا جواب دیتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ رام گڑھ حلقے میں کیپیکس بجٹ کے تحت تین کروڑ سات لاکھ روپے کی لاگت سے تین پروجیکٹ مکمل کئے گئے ہیں اور ایک پر کام جاری ہے ۔

اسمبلی

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے سریندر کمار کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ مَڈھ حلقے میں 2025 کے سیلاب کے بعد نو کروڑ 84 لاکھ روپے لاگت والے 92 کام درِ دست لئے گئے ۔

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے پیر زادہ فاروق احمد شاہ ، سرجیت سنگھ سلاتھیا ، علی محمد ساگر اور غلام محی الدین میر کے ایک کلب کئے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر میں منشیات کی بدعت کا خاتمہ کرنے کے لئے ارکان اسمبلی ، معزز شہریوں ، دانشوروں ، مذہبی لیڈروں غرض سماج کے سبھی طبقوں کو متحد ہو کر کام کرنا چاہئے ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اس مسلے پر قابو پانے کے لئے کئی اختراعی اقدامات کئے ہیں ۔

وزیر موصوفہ نے شبیر احمد کُلے کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر میں تین ہزار CPWs کی نوکریاں مستقل کرانے کے لئے حکومت نے تاریخی فیصلہ لیا ۔

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے دیو یانی رانا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر میں رِنگ روڑ پروجیکٹوں کے لئے حاصل کی جا رہی اراضی کا معاوضہ وضع کئے گئے قوانین کے مطابق واگزار کیا جاتا ہے ۔

مطالبات زر

اینڈ ARIدریں اثنا قانون ساز اسمبلی نے آج انفارمیشن ٹیکنالوجی ، خوراک سول سپلائز اور امور صارفین، ٹریننگس، ٹرانسپورٹ ، سائنس و ٹیکنالوجی اور یوتھ سروسز و سپورٹس محکمے کے مطالبات زر کو زبانی ووٹ سے پاس کیا۔

چودھری

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے جموں کشمیر میں کامگاروں کے لئے ویلفئیر سکیموں کے فوائد بلا کسی توالت کے پہنچانے کے لئے قوانین کو آسان بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ جموں میں سینٹر آف انڈین ٹریڈ یونینز کی ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کامگاروں کے نمائندوں کو یقین دلایا کہ معاملات پر ہمدردانہ غور کیا جائے گا۔ میٹنگ میں ایم ایل اے محمد یوسف تاریگامی بھی موجود تھے ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس

----Gong----

رمضان

آج رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کا دوسرا دن ہے۔ اس مہینے کے پہلے دس ایام کو عشرہ رحمت بھی کہا جاتا ہے۔ ماہ صیام کی مناسبت سے آج وادی کی مساجد ، خانقاہوں اور بقہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا اہتمام کیا گیا ۔ علمائے دین نے نماز جمعہ کے دوران اس عشرے کی فضیلت پر تفصیل سے روشنی ڈالی ۔ اس حوالے سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے وادی کے ایک معروف عالم دین مفتی عبدالحمید نعیمی نے اپنے پیغام میں کہا

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مادری زبان کے عالمی دن کے موقعے پر اپنے پیغام میں کہاکہ اپنی زبان اور تہذیب و تمدن کوزندہ رکھنا باغیور قوموں کی نشانی ہے ۔ ایک بیان میں انہوننے کہاکہ جموں کشمیر کی تمام زبانوں کو زندہ رکھنے سے ہی ہماری انفرادیت اور پہچان بر قرار رہ سکتی ہے۔

دریں اثناپارٹی سے تعلق رکھنے والے ارکان پارلیمنٹ چودھری محمد رمضان، میاں الطاف احمد او ر سجاد احمد کچلو نے کشمیر اور جموں صوبہ کے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ لوگوں کیلئے ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھنے میں کوئی بھی دقیقہ فرو گذاشت نہ کریں ۔

ست شرما

پرجاپتی سبھا کے ایک وفد نے آج جموں میں بی جے پی صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کے ساتھ ملاقات کی اور پرجاپتی طبقے کو در پیش کئی معاملات ان کی نوٹس میں لائے ۔

بھی موجود تھے ۔ ست شرما نے وفد  Braham jyoti satti مورچہ کے صدر OBC اس موقعہ پر بی جے پی کو یقین دلایا کہ اجا گر کئے گئے تمام معاملات پر ہمدردانہ غور کیا جائے گا ۔

کھٹانہ

بی جے پی کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے آج پونچھ کے منڈی اور منگنار علاقوں میں عوامی درباروں کا انعقاد کر کے افسروں کی موجود گی میں لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں گے ۔

محبوبہ

پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے خبر دار کیا ہے کہ بھارت امریکہ مجوزہ تجارتی معاہدے سے جموں کشمیر کی میوہ صنعت اور ملک کے زرعی منظر نامے پر منفی اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے ۔

سرینگر میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میوہ صنعت کو جموں کشمیر کے اقتصادی منظر نامے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے ۔ لہٰذا وزیر اعظم کو مجوزہ معاہدہ کے تعلق Import سے دوبارہ غور کرنا چاہئے اور بیرون ملک سے آنے والے میوہ جات پر کم سے کم پچاس فیصد عائد کی جانی چاہئے ۔ Duty

شاہین

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے دوران یوٹی کے مختلف علاقوں میں شیڈول کے مطابق بجلی سپلائی نہ کرنے پر حکومت کی نکتہ چینی کی ہے ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سحری اور افطاری کے اوقات میں لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑھ رہا ہے ۔

IGNOU

طلباءکی مانگ کو مد نظر رکھتے ہوئے اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے ایڈمیشن سیشن جنوری2026کے تحت مختلف آن لائن لرننگ پروگراموں اور اوپن ڈسٹنس پروگراموں کیلئے داخلوں اور ری رجسٹریشن کی تاریخ28 فروری تک بڑھا دی ہے۔

واضح رہے کہ یونیورسٹی نے 60نئے پروگرام شامل کئے ہیں جن میں مختلف مضامین کے 4سالہ انڈر گریجویٹ پروگرام بھی شامل ہے۔

سے جانکار ی حاصل کر سکتے ہیں-Ignou.ac.in امید وار اس حوالے سے یونیورسٹی کی ویب سائٹ

**IGP**

**کشمیر وی کے بردی نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران اہم شخصیات کے جموں کشمیر کے IGP دورے کے تناظر میں کی جا رہی تیاریوں کاجائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوننے سلامتی کی مختلف ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے تمام انتظامات مکمل کریں ۔ انہوننے کہاکہ کسی بھی مشکوک سرگرمی پر کڑی نظر گز ر رکھی جانی چاہئے۔**

**جموں پولیس**

**نے ایک ٹیرر ماڈیول کا پتہ لگا کر ایک ٹیرر معاون کو گرفتار کر کے اس کے RR راجوری پولیس اور 54 قبضے سے کچھ اسلح بر آمد کیا ہے ۔ راجوری پولیس نے چودھری نار علاقے میں تین ڈرگ سمگلروں کو کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے ۔**

**جموں پولیس ساوتھ زون نے سینک کالونی علاقے میں ایک ڈرگ سمگلر کو نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے ۔**

**ادھمپور پولیس نے قومی شاہراہ پر چنانی کے مقام پر ایک ڈرگ پیڈلر کو کچھ مقدار میں ہیروئن سمیت گرفتار کیا ۔**

**کٹھوعہ پولیس نے 17 لاکھ 29 ہزار روپے مالیت والے 86 چرائے گئے فونز کو بر آمد کیا ہے ۔**

**پولیس**

**پولیس نے بڈگام اور سوپور میں تین ڈرگ سمگلروں کو کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے ۔**

**جموں کشمیر پولیس نے عوامی مسائل کو حل کرنے کی غرض سے ضلع بارہمولہ کے مختلف علاقوں میں تیس پبلک آوٹ ریچ پروگراموں کا انعقاد کیا ۔**

**بارہمولہ پولیس نے غیر قانونی کانکنی سے نمٹنے کے لئے مختلف مقامات سے اس کام میں ملوث چار گاڑیوں کو ضبط کیا ۔**

**مطالبہ**

**عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔**

**نشہ**

**نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔**

**جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینڈیٹل کالج سرینگر کی ڈینٹل سرجن ڈاکٹر سادیا جان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔**

کرائم برانچ

بینک میں مالی بے ضابطگی کے ایک HDFC کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے معاملے میں5 ملازمین کو گرفتار کر لیا ہے۔

وِنگ کے اہلکاروں نے شوپیان اور بڈگام اضلاع میں کئی مقامات پر Offences اس سلسلے میں اکنامِک تلاشی کی کارروائیاں بھی عمل میں لائیں۔

ایک اور کارروائی میں اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے بنگلہ دیش میڈیکل کالج میں داخلے کے حوالے سے ایک علیحدہ معاملے میں4ملزموں کی گرفتاری عمل میں لائی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت20 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفر اعشاریہ0اعشاریہ7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت26اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت12 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر09منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر20منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ